# اندراج کے پروگرام (شیڈول) کی درخواست


تیسری دنیا کے ممالک کا شہری وزارت برائے پناہ اور ہجرت کے صفحہ میں داخل ہو کر اندراج کے پروگرام (شیڈول) کی درخواست کے ابتدائی صحفہ پر داخل ہو سکتے ہے (تصویر1) .



(تصویر1): اندراج کے پروگرام (شیڈول) کی درخواست کا ابتدائی صفحہ

اوپر دائیں جانب، آپ GREEK پر کلک کرکے اپنی پسند کی زبان منتخب کرسکتے ہیں ( تصویر1)۔

اگرتیسری دنیا کےملک کا شہری **جمع شدہ درخواست** پر یا **درخواست کا تعارف** پر کلک کرتا ہے تو پیغام ظاہر ہوگا (تصویر 2):




تصویر 2: پیغام سے منسلک

اس تصویر(آئیکون) ربط (کنیکشن) پر کلک کر کے آپ رابطے کے صفحہ پر پہنچ جاتے ہیں (تصویر3)۔




تصویر3: ربط کا صفحہ

اس مقام پر، تیسری دنیا کے ملک کے شہری کو اپنی ای میل درج کرکے یہ بٹن دبانا ہوگا . تصدیق / تحقیق

اس کے بعد اپ کواس ای میل otp-no-reply@migration.gov.gr سے ایک تصدیقی کوڈ کے ساتھ ایک پیغام موصول ہوگا، جسے خالی خانے میں داخل کرنا ہوگا (تصویر4)۔ جب بھی آپ درخواست (ایپلی کیشن ) میں داخل ہونا چاہیں اس عمل کو دہرانا ہوگا .




تصویر 4: تصدیقی کوڈ درج کریں۔

اس کے بعد ایپلیکیشن کے پہلے صفحہ، درخواست کے صفحہ (تصویر5) پر لے جانے کے لیے بٹن داخلہ کو منتخب کرنا ہوگا، جہاں کچھ شناختی معلومات، رابطے کی معلومات، یونان میں کیسے داخل ہوا اور اس کے بارے میں معلومات بھرنی ہوں گی۔ اپائنٹمنٹ ( ملاقات) کے لیے جگہ اور زبان جس میں اندراج چاہتا ہے نیز اس کے خاندان میں بالغوں اور نابالغوں کی تعداد۔ اگر تیسری دنیا کے ملک کے شہری نے پہلے ہی پلیٹ فارم پر پچھلے ربط صفحی میں درخواست کو محفوظ کر لیا ہے، تو عارضی درخواست کا صفحہ براہ راست ظاہر ہو گا (تصویر6)۔

اوپر دائیں طرف، تیسری دنیا کے ملک کا شہری دیکھ سکتا ہے کہ وہ اس ای میل سے منسلک ہے جو اس نے پہلے استعمال کی تھی۔



نئی درخواست

اندراج وقت مقررہ (شڈول) کی درخواست

لازمی فیلڈ کو * کے نشان سے زد کیا گیا ہے.ہر فیلڈ کے ساتھ والے نشان کو دبانے سے ہر کرنےکیہدایات ظاہر ہوتی ہیں.

محفوظ /جمع ) کے بٹن( کو دباتے ہوے آپ کی درخواستعارضی طور پر محفوظ ہو جاتی ہے اور حتمی طور پرجمع ہونے تک آپ ایپ میں داخل ہو کر پڑتال) پروسیسنگ( کر سکتے ہیں .

**اگر پولیس کے محکمہ کی طرف سے دستاویز ہے تو اپنےشناختی کوائف بالکل اسی طرح درج کریں جیسے اس پرہیں .**

**شناختی کوائف**

آپ کے پاس محکمانہ دستاویز ہے ؟*

ابتدائی اندراج رضامندی نمبر

نام*

خاندانی نام (سر نام)*

والد کا نام*

تاریخ پیدائش*

جنس*

شہریت*

پاسپورٹ نمبر

**رابطہ**

موبائل نمبر

**یونان میں داخلہ**

داخلہ کا طریقہ*

داخلہ کا مقام / جگہ

**اندراج کا مقررہ وقت**

اندراج کی جگہ / مقام*

اندراج کے لیے زبان*

خاندان کے بالغ ممبران*

خاندان کے نابالغ ممبران*

محفوظ

سابقہ / پچھلہ

تصویر 5: ایپلیکیشن کا پہلا صفحہ – درخواست

ایک بار جب یہ عمل مکمل کر لے تو عارضی درخواست کے صفحہ پر لے جانے کے لیے بٹن محفوظ کو دبانا ہوگا (تصویر6).

## عارضی درخواست #90

### اندراج وقت مقررہ (شڈول) کی درخواست

اندراج شدہ کوائف کو ڈالنے کے لیے ربط (کنیکشن) کو دبائیں ، درخواست کی کارروائی، اپنی درخواست کے حتمی اندراج کے لیے ‼ درخواست کے حتمی اندراج‼ کو دبائیں . احتیاط ! حتمی اندراج کے عمل کے بعد درخواست میں کسی بھی قسم کی کارروائی ممکن نہیں .

| | |
|---|---|
| اعمال / کام | زیر تکمیل درخواست<br>(درخواست) حتمی طور پرجمع<br>درخواست کی منسوخی |
| **شناختی کوائف** | |
| آپ کے پاس محکمانہ دستاویز ہے ؟ | ہاں |
| ابتدائی اندراج رضامندی نمبر | 123456 |
| نام | TEST |
| خاندانی نام (سر نام) | TESTETE |
| والد کا نام | TESTTEST |
| تاریخ پیدائش | 11/07/1980 |
| جنس | نر / مذکر |
| شہریت | Pakistan |
| پاسپورٹ نمبر | ABC123456 |
| **رابطہ** | |
| موبائل نمبر | - |
| **یونان میں داخلہ** | |
| داخلہ کا طریقہ | سمندرکے ذریعے (راستے) |
| داخلہ کا مقام / جگہ | Karlovasi (Samos) |
| **اندراج کا مقررہ وقت** | |
| اندراج کی جگہ / مقام | MALAKASA: Malakasa Facility, CAMP 'GERAKINI', 19011 MALAKASA |
| اندراج کے لیے زبان | URDU |
| اندراج کی تاریخ | - |
| اندراج کا وقت | - |
| حوالہ نمبر | - |
| خاندان کے بالغ ممبران | 2 |
| خاندان کے نابالغ ممبران | 3 |


تصویر 6: عارضی درخواست کا صفحہ

عمل کے میدان میں، تیسری دنیا کے ملک کے شہری کے پاس تین اختیارات ہیں:

- اسے زیر تکمیل درخواست منتخب کر کے، تیسری دنیا کے ملک کا شہری پہلے سے درج کردہ تفصیلات میں ترمیم کر سکتا ہے ، اور اسے ایپلیکیشن کے پہلا صفحہ (درخواست) پر بھیج دیا جائے گا۔
- (درخواست) حتمی طور پرجمع منتخب کر کے، تیسرے ملک کا شہری حتمی طور پر اپنی درخواست جمع کر سکتا ہے اور

- اسے ⛔ درخواست کی منسوخی منتخب کرنے سے، اسے اس کی جمع کرائی گئی درخواست (تصویر 6) کو منسوخ کرنے اور شروع سے ایک نئی درخواست شروع کرنے کا موقع دیا جاتا ہے۔ .

تیسری دنیا کے ملک کے شہری کےحتمی طور پر جمع کے بٹن کو منتخب کرنے کے بعد ، اسے حتمی جمع کرانے والے صفحہ پر لے جایا جائے گا ( تصویر7)۔




تصویر 7:حتمی طور پر جمع کرنے کا صفحہ

آخر میں ، تیسری دنیا کے ملک کا شہری :حتمی طور پر خواست جمع کرانے کے لیے، صرف **تقدیم / جمع** بٹن کو منتخب کریں ۔ متبادل کے طور پر، سابقہ / پچھلہ بٹن کو منتخب کرکے، عارضی درخواست کے صفحہ پر واپس جانا ممکن ہے۔ ایک بار جب وہ حتمی طور پر اپنی درخواست جمع کرائے گا تو پیغام **"آپ کی درخواست حتمی طور پر جمع ہو گئی ہے"** ظاہر ہوگا۔

اس کے بعد، حتمی درخواست کا صفحہ ظاہر ہوگا ( تصویر8)۔

## حتمی درخواست #90

### اندراج وقت مقررہ (شڈول) کی درخواست

درخواست حتمی ہے ۔
اپنی ای میل میں درخواست کے بنیادی کوائف کے؛؛ ثبوت کی رسید ؛؛ کے لیے ربط (کنیکشن) کو دبائیں ۔

| | |
|---|---|
| اعمال / کام | (درخواست / دستاویزات) جمع ہونے کا ثبوت |
| **شناختی کوائف** | |
| آپ کے پاس محکمانہ دستاویز ہے ؟ | ہاں |
| ابتدائی اندراج رضامندی نمبر | 123456 |
| نام | TEST |
| خاندانی نام (سر نام) | TESTETE |
| والد کا نام | TESTTEST |
| تاریخ پیدائش | 11/07/1980 |
| جنس | نر / مذکر |
| شہریت | Pakistan |
| پاسپورٹ نمبر | ABC123456 |
| **رابطہ** | |
| موبائل نمبر | - |
| **یونان میں داخلہ** | |
| داخلہ کا طریقہ | سمندرکے ذریعے (راستے) |
| داخلہ کا مقام / جگہ | Karlovasi (Samos) |
| **اندراج کا مقررہ وقت** | |
| اندراج کی جگہ / مقام | MALAKASA: Malakasa Facility, CAMP 'GERAKINI', 19011 MALAKASA |
| اندراج کے لیے زبان | URDU |
| اندراج کی تاریخ | 19/07/2022 |
| اندراج کا وقت | 12:00 |
| حوالہ نمبر | 11870 |
| خاندان کے بالغ ممبران | 2 |
| خاندان کے نابالغ ممبران | 3 |

تصویر8: حتمی درخواست کا صفحہ

درخواست کے حتمی صفحہ سے تیسرے ملک کا شہری کارروائی (درخواست / دستاویزات) جمع ہونے کا ثبوت کا انتخاب کرتے ہوئے، حتمی درخواست کے صفحہ ( تصویر9) پر لے جایا جائے گا۔ "درخواست/ دستاویزات جمع ہونے کا ثبوت" کے بٹن کو منتخب کرنے سے، اس کی ملاقات کی رسید اس ای میل پر بھیجی جائے گی جو اس نے شروع میں درج کی تھی، جبکہ "سابقہ/ پچھلا" بٹن کو منتخب کرنے سے اسے حتمی درخواست کے صفحہ پر لے جایا جائے گا ۔




*تصویر9: حتمی درخواست کا ثبوت*

کسی بھی وقت (کنکشن) ربط کو دبا کے رابطہ کرنا ممکن ہے، جہاں **"آپ ایپلیکیشن سے جڑ چکے ہیں"** کا پیغام ظاہر ہوگا۔

مزید وہ جب چاہے ربط کر سکتا ہے جس طرح اس نے پہلی بار کیا تھا۔